**16.01.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........... محمد عمار

**Music**

---

☆ بھارت نے تاریخ رقم کرتے ہوئے، **SpaDex** مشن کے تحت دو سیٹلائٹ کی ڈاکنگ کا عمل کامیابی کے ساتھ مکمل کرلیا۔ یہ کارنامہ انجام دینے والا بھارت چوتھا ملک بن گیا ہے۔

☆ سنگاپور کے صدر **Tharman Shanmuga Ratnam** کو راشٹرپتی بھون میں باضابطہ استقبالیہ دیا گیا۔ صدر جناب **Tharman** نے کہا کہ دونوں ملک اپنے تعلقات کو جامع اسٹریٹیجک ساجھیداری کی بلندیوں پر لے جانے کی راہ پر گامزن ہیں۔

☆ بھارت نے اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی سے متعلق معاہدے کا خیر مقدم کیا ہے۔ بھارت نے کہا ہے کہ یہ معاہدہ غزہ میں انسانی امداد کی متواتر سپلائی کو یقینی بنائے گا۔

☆ دلّی اسمبلی انتخابات کیلئے آج بڑی سیاسی پارٹیوں کے اہم امیدوار اپنے پرچۂ نامزدگی داخل کریں گے۔

☆ اور آسٹریلین اوپن ٹینس میں، بھارت کے این سری رام بالاجی اور میکسیکو کے اُن کے ساتھی کھلاڑی مردوں کے ڈبلز زمرے کے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے

**ISRO - Spadex**

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اِسرو نے آج تاریخ رقم کرتے ہوئے، **SpaDex** مشن کے تحت خلائی راکٹ کی ڈاکِنگ کامیابی کے ساتھ مکمل کرلی۔ یہ کارنامہ انجام دینے والا بھارت پوری دنیا میں چوتھا ملک بن گیا ہے۔ اسرو کے چیئرمین ڈاکٹر وی نارائن نے ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔

اس حصولیابی کی ستائش کرتے ہوئے، وزیر اعظم نریندر مودی نے سیارچوں کی خلا میں ڈاکِنگ کی کامیابی پر اِسرو کے سائنسدانوں اور خلائی شعبے سے وابستہ سبھی افراد کو مبارکباد دی۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر وزیر اعظم نے کہا کہ یہ آئندہ برسوں میں ملک کے اہم خلائی مشنوں کیلئے ایک اہم سنگِ میل ہے۔ اس دوران سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ نے اس حصولیابی کو انتہائی اہم قرار دیا۔

ڈاکٹر سنگھ نے اس بات کو اُجاگر کیا کہ بھارتی ڈاکِنگ سسٹم پوری طرح اندرونِ ملک ہی تیار کیا گیا ہے۔ انہوں نے زور دے کر کہا کہ بھارتی **Antriksh** اسٹیشن، چندریان چار اور گگن یان جیسے مستقبل کے مشنوں کو آسانی سے مکمل کرنے کی راہ ہموار ہوجائے گی۔ میڈیا سے بات کرتے ہوئے، اِسرو کے سابق سائنسداں **Mylswamy Annadurai** نے کہا ہے کہ ڈاکنگ کا یہ عمل چندریان **4** مشن میں بہت مدد کرے گا۔

**Singapore Prez-Visit**

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون میں سنگاپور کے صدر **Tharman Shanmugaratnam** کا روایتی استقبال کیا۔ اِس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی بھی موجود تھے۔ تقریب میں میڈیا کے لوگوں سے خطاب کرتے ہوئے، سنگاپور کے صدر **Tharman Shanmugaratnam** نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ دونوں ملک پائیداری اور ڈیجیٹل ترقی کے شعبے میں نئی اونچائیاں تلاش کررہے ہیں۔ انہوں نے گجرات کے **GIFT City** اور سنگاپور کے درمیان اقتصادی اداروں کیلئے ڈاٹا سے متعلق راہداری اور دونوں ملکوں کے درمیان قابلِ تجدید توانائی سے متعلق ایک دیگر راہداری کے امکانات پر زور دیا۔
انہوں نے مزید کہا کہ دونوں ملک سیمی کنڈکٹرس کی جدید مینوفیکچرنگ اور تعاون ، نئے اور کاربن کے صفر اخراج والے صنعتی پارکس جیسے شعبوں میں نئے مواقع تلاش کرنے اور متحرک تعلقات کو ایک جامع اسٹریٹیجک ساجھیداری اور نئی سطح پر لے جانے کیلئے پُرامید ہیں۔

**SB - Singapore President**

صدر جناب **Tharman** نے کہا کہ تجارت ، دفاع اور مہارت کے شعبے میں دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کئی سال سے متحرک رہے ہیں۔ انہوں نے اِس بات کا ذکر کیا کہ بھارت، اُن پہلے ملکوں میں سے تھا ، جنہوں نے **1965** میں سنگاپور کی آزادی کو تسلیم کیا تھا اور دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات میں تبھی سے بہتری آرہی ہے۔
جناب **Shanmugaratnam** ، مہاتما گاندھی کو خراجِ عقیدت پیش کرنے کیلئے راج گھاٹ بھی گئے۔
وزیر اعظم نریندر مودی بھی، سنگاپور کے صدر سے نئی دلّی میں ملاقات کریں گے۔ جناب **Shanmugaratnam** راشٹرپتی بھون میں صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کے ساتھ بھی بات چیت کریں گے۔ صدر جناب **Tharman** کل سے **18** تاریخ تک اڈیشہ کا دورہ بھی کریں گے۔**x**

**PM - Startup India**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ حکومت نے ملک میں اسٹارٹ اَپس کے کلچر کو فروغ دینے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے۔ آج اسٹارٹ اَپس انڈیا کے **9** سال مکمل ہوگئے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ پچھلے **9** سال میں اِس تبدیلی والے پروگرام نے اختراعی نظریات کو ایک کامیاب اسٹارٹ اَپ میں تبدیلی کرنے میں لاتعداد نوجوانوں کو بااختیار بنایا ہے۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ حکومت کی پالیسیوں کی توجہ تجارت کرنے میں آسانیوں کے نظریے پر ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اختراعی مراکز کو متحرک طور پر فروغ دے رہی ہے تاکہ ملک کے نوجوان خطرہ مول لینے کے قابل ہوسکیں۔ **x**

**MEA - Gaza**

بھارت نے، غزہ میں یرغمالیوں کی رہائی اور جنگ بندی کیلئے سمجھوتے کے اعلان کا خیر مقدم کیا ہے۔ خارجی امور کی وزارت نے ایک بیان میں بتایا ہے کہ اس سمجھوتے سے غزہ کے لوگوں کی حفاظت اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد کو برقرار رکھا جا سکے گا۔ وزارت نے کہا ہے کہ بھارت سبھی یرغمالیوں کی رہائی سے متعلق ایک سمجھوتے اور مذاکرات کا طریقہ اپنانے کی بات مسلسل کہتا رہا ہے۔ غزہ میں جنگ بندی اور یرغمالیوں کی رہائی سے متعلق اسرائیل اور حماس کے درمیان یہ معاہدہ اتوار سے شروع ہوگا اور **42** دن تک جاری رہے گا۔ **x**

**Delhi Nominations**

دلی اسمبلی انتخابات کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے میں صرف ایک دن باقی رہ گیا ہے۔ ایسے میں امیدواروں کے ذریعے کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل زورشور سے جاری ہے۔ عام آدمی پارٹی، **BJP** اور کانگریس کے کئی اہم امیدوار آج اپنا پرچہ نامزدگی داخل کرنے جارہے ہیں۔ عام آدمی پارٹی کے سینئر رہنما منیش سسودیا، سوربھ بھاردواج اور گوپال رائے، **BJP** کے ہریش کھورانہ، مہندر سنگھ سرسا، **Ashish Sood** اور کپل مشرا آج قومی راجدھانی میں مختلف اسمبلی حلقوں سے اپنے اپنے پرچہ نامزدگی داخل کریں گے۔ کانگریس کے سندیپ دکشت اور اریبہ خان جیسے پارٹی امیدوار بھی آج اپنے کاغذات داخل کریں گے۔ یہ امیدوار اپنے کاغذات نامزدگی داخل کرنے سے قبل روڈ شو کررہے ہیں اور مذہبی مقامات جارہے ہیں۔ دلی اسمبلی چناؤ کیلئے کاغذاتِ نامزدگی داخل کرنے کا کل آخری دن ہے۔×

**ECI Advisory**

انتخابی کمیشن نے سیاسی پارٹیوں کو ہدایت دی ہے کہ وہ انتخابات کے دوران تشہیری مہم کیلئے آرٹی فیشیل انٹیلیجنس سے تیار کردہ نیز سنتھیٹک مواد کو استعمال کرنے کیلئے ضروری اقدامات کریں۔ کمیشن نے تمام سیاسی پارٹیوں کے سربراہوں کو ایڈوائزری جاری کی ہے اور کہا ہے کہ انتخابی مہم میں حصہ لینے والے افراد آن لائن مشتہر ہونے والے اشتہارات اور پرموشنل مواد میں اعتذار نامہ بھی شامل کریں۔ انتخابی کمیشن نے پچھلے لوک سبھا انتخابات کے دوران جاری کردہ رہنما خطوط کا بھی حوالہ دیا ہے اور سیاسی پارٹیوں اور اُن کے نمائندوں سے کہا ہے کہ وہ فرضی معلومات پھیلانے والے آرٹی فیشیل انٹیلیجنس کے ذریعے توڑ مروڑ کر پیش کئے جانے والے مواد کو اپنی انتخابی مہم میں استعمال کرنے سے گریز کریں۔×

**Justice Vinod Chanran Oath**

جسٹس کے ونود چندرن نے آج سپریم کورٹ کے جج کے طور پر حلف لیا۔ بھارت کے چیف جسٹس سنجیو کھنہ نے جسٹس چندرن کو عہدے کا حلف دلایا۔ مرکز نے پیر کے روز سپریم کورٹ کالجیم کی سفارش پر پٹنہ ہائی کورٹ کے چیف جسٹس جسٹس چندرن کو سپریم کورٹ کا جج مقرر کرنے کی منظوری دی تھی۔ جسٹس چندرن کیرالہ ہائی کورٹ میں بھی جج رہ چکے ہیں۔×

**Mahakumbh Cultural Programme**

پریاگ راج میں جاری مہاکمبھ میلہ آج سے اگلے مہینے کی **24** تاریخ تک شاندار ثقافتی پروگراموں کا مشاہدہ کرے گا۔ ''سنسکرتی کا مہاکمبھ'' کے عنوان سے منعقد ہونے والا یہ ثقافتی پروگرام مشہور فنکاروں کی سلسلے وار بہترین پرفارمنسز کے ذریعے ملک کی مالا مال ثقافت کو اُجاگر کرے گا۔ اصل اسٹیج گنگا پنڈال آج پہلے دن شنکر مہا دیون کے خصوصی پرزنٹیشن سمیت ملک بھر کے مشہور و معروف فنکاروں کی پرفارمنسز کی میزبانی کرے گا۔×

**Green Maha Kumbh**

پریاگ راج میں جاری مہاکنبھ میں ثقافت اور روحانیت کے ساتھ ماحولیاتی تحفظ کا ایک مستحکم نظریہ پیش کیا جارہا ہے۔ پریاگ راج، اس مہینے کی **31** تاریخ کو گرین مہاکنبھ کی میزبانی کرے گا۔

ایک رپورٹ ...

گرین مہاکنبھ میں ملک بھر کے ایک ہزار سے زیادہ ماحولیات اور پانی سے متعلق ورکرس یکجا ہوں گے۔ گرین مہاکنبھ کے حصہ

کے طور پر فطرت، ماحولیات ، پانی اور صفائی ستھرائی سے متعلق امور پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے، قومی سطح کے مذاکرات ہوں گے۔ اس بات چیت کے دوران ماحولیات کے تحفظ ، صفائی ستھرائی اور ساتھ ہی ساتھ، ان کوششوں کو فروغ دیئے جانے کیلئے انجام دی جارہی مہم کے بارے میں مہاکنبھ میں آنے والے لوگوں کے درمیان بیداری کو بڑھانے کے طریقے دریافت کئے جانے پر تبادلۂ خیال کیا جائے گا۔ انتظامیہ نے میلے میں پلاسٹک کا استعمال کرنے سے گریز کرنے کو کہا ہے۔ اس کی بجائے کلہڑ، دونے اور پتلوں کا استعمال کیا جائے۔

**Punjab Bhagat Singh**

پنجاب کے وزیراعلیٰ بھگونت سنگھ مان نے کہا ہے کہ ریاستی حکومت شہید اعظم بھگت سنگھ کے آبائی گاؤں میں ایک ہیریٹج اسٹریٹ تعمیر کرے گی۔ اُنہوں نے کہا کہ **850** میٹر طویل یہ ہیریٹج اسٹریٹ شہید بھگت سنگھ نگر کے **Khatkar** کلاں میں موجودہ میوزیم سے شہید اعظم بھگت سنگھ کے آبائی گھر تک تعمیر کی جائے گی۔ یہ اسٹریٹ جنگ آزادی کے دوران ریاست کے شاندار تعاون کو اُجاگر کرے گی اور نوجوانوں کو ملک کیلئے جوش اور جذبے کے ساتھ کام کرنے کیلئے تحریک فراہم کرے گی۔×

**Chhattisgarh - Blast**

چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلعے میں بارودی سرنگ کے ایک بم دھماکے میں **CRPF** کے دو جوان زخمی ہوگئے۔ **Basaguda** علاقے میں یہ حادثہ اُس وقت پیش آیا، جب سکیورٹی فورسیز کی ایک مشترکہ ٹیم علاقے میں ایک کارروائی انجام دے رہی تھی۔ زخمی اہلکاروں کی حالت خطرے سے باہر بتائی جارہی ہے۔ **x**

**Saif Ali Khan Attack**

اداکار سیف علی خان پر ممبئی میں اُن کے گھر پر حملہ ہونے کے بعد آج صبح انہیں اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ اسپتال سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ سیف علی خان کو چھ زخم آئے ہیں، جن میں سے ایک اُن کی ریڑھ کی ہڈی کے بہت قریب ہے۔ زخموں کی شدت ابھی بیان نہیں کی جاسکتی ہے۔ اسپتال نے بتایا ہے کہ نیورو سرجنس اور کاسمیٹکس سرجنس پر مشتمل ڈاکٹروں کی ٹیم ، اُن کا آپریشن کررہی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ سرجری مکمل ہونے کے بعد اصل حالت کے بارے میں بتایا جاسکے گا۔ **x**

**WB - Attack**

مغربی بنگال میں دو پولیس اہلکار ، اُس وقت زخمی ہوگئے، جب مبینہ طور پر زیرِ سماعت دو ملزمین نے اُتّر دِناج پور ضلعے میں راج گنج اصلاحی گھر جاتے ہوئے، اُن پر حملہ کردیا۔ ملزم، جس کا نام سجاد عالم ہے، نے مبینہ طور پر پولیس والے سے ہتھیار چھین کر اُن پر فائرنگ کردی۔ ریاستی پولیس نے بہار پولیس کو الرٹ کردیا ہے کیونکہ جائے حادثہ بہار سرحد کے قریب ہے۔ زخمی پولیس اہلکاروں، ایک **ASI** اور ایک کانسٹبل، کا اسپتال میں علاج چل رہا ہے۔ **x**

**Australian Open Tennis**

آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ میں بھارت کے این سری رام بالا جی اور میکسیکو کے اُن کے ساتھی کھلاڑی **Miguel Angel Reyes Varela** دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے ہیں۔ اِس جوڑی نے آج صبح مردوں کے ڈبلز زمرے کے پہلے راؤنڈ میں

قزاقستان کے **Aleksandr Nedovyesov** اور ہالینڈ کے روبن ہاسے کی جوڑی کو چھ-چار، چھ-تین سے ہرایا۔ بالا جی اِس ٹورنامنٹ میں بھارت کے واحد کھلاڑی بچے ہیں۔×

**ISL Football**

انڈین سپر لیگ فٹ بال **ISL** میں آج نئی دِلی کے جواہر لال نہرو اسٹیڈیم میں پنجاب **FC** کا مقابلہ ممبئی سٹی **FC** سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔ **ISL** پوائنٹس ٹیبل میں پنجاب **FC** چودہ میچوں میں **19** پوائنٹس کے ساتھ نویں مقام پر ہے، جبکہ ممبئی سٹی **FC** پندرہ میچوں میں **23** پوائنٹس کے ساتھ چھٹے مقام پر ہے۔ کل شام کولکاتا میں محمڈن **FC** اور **Chennaiyin FC** کے درمیان کھیلا گیا ایک دلچسپ میچ دو-دو گول کی برابری پر ختم ہوا۔×

☆☆☆☆